بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

تحریک التواء نمبر۲

میں اسمبلی قواعد وانضباط کار مجریہ ۱۹۷۴ کے قاعدہ نمبر ۷۰ کے تحت ذیل تحریک التواء کا نوٹس دیتا ہوں۔

تحریک یہ ہے۔ کہ ۱۲/ستمبر ۲۰۱۹ کو ہرنائی پولیس ایریا میں ۲۰ سے ۲۵ کے قریب مسلح دہشت گردوں نے سر عام سرور خان نامی کوئلہ پیٹی ٹھیکدار کو گولی مار کر شہید کر دیا اسی طرح ۲۸/ستمبر ۲۰۱۹ کو چمن میں جمعیت علماء اسلام کے رہنما مولانا محمد حنیف کو ساتھیوں سمیت اور یکم/اکتوبر ۲۰۱۹ کو مسلم باغ میں لیویز سپاہی رفیع اللہ ٹارگٹ کلنگ کر کے شہید کر دیے گئے اس کے علاوہ لورلائی میں بھی دہشتگردی کے واقعات رونما ہوئے جس کے باعث صوبہ کے عوام میں خوف وہراس واضطراب پایا جاتا ہے

لہذا اسمبلی کی آج کی کاروائی روک کر مذکورہ واقعات اور صوبہ میں امن وامان کی مجموعی صورتحال کو زیر بحث لایا جائے۔

دستخط ×××××××

نصر اللہ خان زیرے،

ممبر، بلوچستان صوبائی اسمبلی

مورخہ ۲/اگست ۲۰۱۹

ص اب/س/۳/۱/۲۰۱۸

نقل برائے اطلاع ولازمہ کاروائی

۱۔ جناب پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعلیٰ بلوچستان۔
۲۔ جناب ایڈیشنل سیکرٹری (اسٹاف) ٹو چیف سیکرٹری، حکومت بلوچستان، کوئٹہ
۳۔ جناب وزیر داخلہ، صوبہ بلوچستان کوئٹہ
۴۔ جناب وزیر قانون، صوبہ بلوچستان کوئٹہ
۵۔ جناب سیکرٹری داخلہ، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۶۔ جناب سیکرٹری قانون، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۷۔ جناب ایڈووکیٹ جنرل، بلوچستان، کوئٹہ

(قادر بخش شاہوانی)

ایڈیشنل سیکرٹری، (سوالات)